02/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

شاردا معاون نہر کے کلومیٹر کے درمیان مخدوش پیراپٹ وال کی مرمت اور نئے پیرپٹ وال کی تعمیر کے لیے 184.37 لاکھ روپئے کی رقم جاری

لکھنؤ: 02 دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ شاردا معاون نہر کے کچھ کلومیٹر کے درمیان مخدوش پیراپٹ وال کی مرمت اور دائیں کنارے پر نئے پیرپٹ وال کی تعمیر کے تعمیراتی کام کے لیے مجوزہ رقم 184.37 لاکھ روپئے رواں اسکیم کے باقی کاروں پر خرچ کے لیے جاری کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 01 دسمبر 2021 کو حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ہدایت دی گئی ہے کہ اسکیم کے تعمیراتی کام بروقت مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم ناموں پر عمل ضروری طور پر کیا جائے۔ رقم کا خرچ منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کرنے پر کسی طرح کی بے ضابطگی کے لیے محکمہ کی ذمہ داری ہوگی۔ منظور رقم کا استعمال منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے پر تمام ذمہ داری محکمہ کی ہوگی۔ اسکیم میں کرائے جانے والے کاموں میں معیار اور بروقت کرایا جانا چیف انجینئر کے ذریعہ یقینی بنایا جائے اس کا معائنہ کرکے فوٹو وغیرہ بھی مہیا کرانا ہوگا۔

☆☆☆☆☆